ریاست کی کُل 24 گرام پنچایتوں کو اُتّم گاؤں ایوارڈ، 23 اسکولوں اُتّم ایوارڈ اور 23 صفائی سیوک کو اُتّم صفائی سیوک ایوارڈ دیا گیا۔ اس کے علاوہ مختلف محکموں کے افسران اور ملازمین کو بھی اعزازات سے نوازا گیا۔ ان پنچایتوں، اسکولوں اور صفائی سیوک نے صفائی ستھرائی اور گیلے اور سوکھے کچرے کے مناسب بندوبست کے سلسلے میں بہترین اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے اپنے آس پاس کے علاقے کو خوبصورت بنانے، صفائی ستھرائی کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور اپنے علاقے کے شہریوں کو حفظان صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں بھی تعاون کیا ہے۔

**Bihar Flood**

بہار میں موسلادھار بارش سے کیمور ضلعے کے متعدد علاقوں میں سیلاب جیسے حالات پیدا ہوگئے ہیں۔ **Karmnasha**، **Durgawati** اور **Suvara** جیسی ندیوں میں مسلسل بارش کے سبب طغیانی آ گئی ہے۔ **Suvara** ندی میں پانی کی سطح میں اضافہ ہونے کی وجہ سے بھبھوا شہر میں متعدد عمارتوں، اسپتالوں اور دفاتر میں پانی بھر گیا ہے۔ **DAV** اسکول اور کستوربا گاندھی آواسیہ ودیالیہ کے احاطے میں پانی بھر جانے کے بعد بچوں کو ہنگامی حالات میں بحفاظت باہر نکال لیا گیا ہے۔ کیمور کے ضلع مجسٹریٹ ساون کمار نے کہا ہے کہ حاملہ خواتین سمیت متعدد مریضوں کو بھی پرائمری ہیلتھ سینٹر سے نکال لیا گیا ہے۔ پرائمری ہیلتھ سینٹر کے احاطے میں بھی پانی بھر گیا تھا۔

ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی ٹیموں کو کسی بھی ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ موسمیات محکمہ نے آج رہتاس، تیمور، گیا، اورنگ آباد اور آس پاس کے ضلعوں میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

**Asian Games**

چین کے شہر **Hangzhou** میں جاری ایشین کھیلوں میں بھارت کے ایتھلیس کی جانب سے تمغے حاصل کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اُس نے آج دسویں روز ایک اور کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ اس طرح بھارت ایشیائی کھیلوں میں سونے کے 13، چاندی 24 اور کانسے کے 25 تمغے جیت کر مجموعی طور پر 62 تمغے حاصل کر چکا ہے۔ تمغے کے اعتبار سے بھارت فی الحال چوتھے مقام پر ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے ایشیائی کھیلوں میں غیرمعمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کیلئے بھارتی کھلاڑیوں کو مبارکباد دی ہے۔ آج سلسلے وار سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے **Steeplechase** میں خواتین کے 3 ہزار میٹر کی دوڑ میں کانسے کا تمغہ جیتنے پر **Priti Lamba** کو مبارکباد دی۔

لولینا بورگوہین سیمی فائنل میں تھائی لینڈ کی **Baison Maneekon** کو ہرا کر خواتین باکسنگ کے 75 کلوگرام زمرے کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

ارجن سنگھ اور سنیل سنگھ کی جوڑی نے مردوں کے کشتی کے ڈبلز کے ہزار میٹرمقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ مردوں کے کرکٹ میچ میں بھارت نیپال کے خلاف 23 رن سے جیت حاصل کرنے کے بعد سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔